Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۵ ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۸ جولائی سنہ ۱۹۳۴ء

حصۂ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

معافی تصور صاحبزادہ محمود علیخاں بہادر راجع عکسی نقشہ جات کا وسامان ضبط شدہ	۲		منظوری رخصت مسٹر شوزر (موزر انجینیر)	۳	"
منظوری استعفا مولوی عبدالعزیز صاحب انصاری	"				

خلاصۂ احکام کونسل ریاست رامپور

تقسیم کام متعلق صاحب ریونیو سکریٹری بہادر	۳		**حکم اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل**	
منظوری عملہ رجسٹری برائے تعمیل خرید فروخت ارض رضا شوگر فیکٹری	۳ و ۴			
تقرر ابراہیم خان عہدہ نائب تحصیلداری جانداد کلکٹری	۴		تقرر مسٹر محمود خان عہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس	۶
منتقل ٹرینڈ پرائمری کلاس از ہائی اسکول پرائمری اسکول				
نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل	۵			

(مطبوعہ رامپور اسٹیٹ پریس)

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع ۲۲ر جولائی ۱۹۳۴ء

صاحبزادہ محمود علیخاں بہادر کے مکانات وسامان وغیرہ بحکم مصدرہ ۲۷ر اکتوبر ۱۹۳۰ء ضبط ہو گئی تھی صاحبزادہ صاحب نے اب عرضداشت پیشگاہ ہمایوں میں پیش کی ہے۔

اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے از راہ پرورش وخاندان نوازی حکم صادر فرمایا ہے کہ صاحبزادہ صاحب کے مکانات مع فرنیچر وسامان وغیرہ جو سرکار میں لیگیا تھا اُن کو واپس دیدیا جائے اور مکان کے متعلق جو زمین ہے وہ بھی واگذاشت کر دیجائے۔ اور مبلغ ~~کے~~ للعہ (تیرہ ہزار چونسٹھ روپیہ نو آنہ نو پائی) جو سیاہہ سرکار ہو گئے ہیں وہ بھی واپس کر دیے جائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدرت احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بابا کونسل

روبکار:- واقع ۲۵ر جولائی ۱۹۳۴ء

مولوی عبدالعزیز صاحب انصاری جج ہائی کورٹ بحصول رخصت ایکماہ کے لئے باہر گئے ہوئے تھے۔ جسکی مدت ۱۶ر جون ۱۹۳۴ء کو ختم ہو گئی۔ اختتام رخصت کے قریب اُنکا استعفا موصول ہوا چونکہ اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے ختم مدت رخصت سے استعفا منظور فرما لیا تھا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بابا کونسل

روبکار:- واقع ۲۵ر جولائی ۱۹۳۴ء

مسٹر لشوتز موٹر انجینیر ۱۰ر اپریل ۱۹۳۴ء سے چار ماہ کی رخصت پربرائے زیارت مقام متبرکہ (روم) گئے ہوئے ہیں۔ یورپ میں مسٹر لشوتز نے حضور پرنور میں حاضر ہو کر توسیع رخصت کی استدعا پیش کی۔ اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے سلسلۂ رخصت موجودہ آخر ستمبر ۱۹۳۴ء تک مزید رخصت پونے دو ماہ منظور فرمائی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

آرڈرزان کونسل ریاست رامپور

ن کونسل :-	واقع ۱۲ جولائی ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء میں صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت تخفیف کام متعلقہ صاحب سکریٹری بہادر بوجہ بندوبست جدید پیش ہو کر طے پایا کہ :-

چونکہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بندوبست کے کاغذات کی تکمیل میں زیادہ مصروف رہیں گے۔ لہٰذا حسب تجویز صاحب ریونیو منسٹر بہادر اُن کے متعلقہ کام حسب ذیل انتظام تا صدور حکم ثانی منظور کیا جاتا ہے۔

) ضلعداران کے تقرر - برخاستگی - تنقلی کے جملہ کاغذات پر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر احکام صادر کریں گے۔ البتہ ضلعداران کی رخصت ناظم صاحبان کے اجلاس سے منظور ہوگی۔

) جو مسلہ محافظ خانہ صدر سے بذریعہ ریونیو آفس طلب ہوتی ہیں۔ وہ اب ناظم صاحبان کے طلب کرنے پر بھیجدی جائیں۔

) صیغہ جات ریاست سے داخل شدہ رقوم کی تصدیق سررشتہ ہیڈ اکاؤنٹنٹ مال سے بتوسط ریونیو آفس ہوتی ہے آئندہ سے بمشق ہیڈ اکاؤنٹنٹ صیغہ مال سے بلاواسطہ کیجائے۔

) مناجوں میں جس قدر رقوم کے تخفیف جات کنندگان وغیرہ ناظم صاحبان منظور کر سکتے ہیں۔ ایسے رقم کی کل روائی مجرائی بھی بطور خود کریں گے۔

(۵) ناظم صاحبان معافیات مشروطہ وغیر مشروطہ کے داخل خارج کے وقت محافظ خانہ صدر دار الانشاء سے براہ راست تصدیق کریں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صادر احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ اجلاس کونسل
دستخط صاحب سکریٹری اجلاس کونسل

آرڈرزان کونسل :-	واقع ۱۲ جولائی ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء میں کاغذات تقرر سب رجسٹرار - محرر اور ایک چپراسی برائے کار تصدیق دستاویزات خریداری رس - پیش ہو کر طے پایا کہ مابین "رضا شوگر فیکٹری" اور کاشتکاران علاقہ ریاست خرید و فروخت رس کی دستاویزات کی تصدیق کے لئے شروع اگست ۱۹۳۳ء سے آخر اکتوبر ۱۹۳۳ء تک تین ماہ کے واسطے حسب صراحت ذیل عملہ منظور کیا جاتا ہے

الاؤنس	تنخواہ ماہوار	تعداد	نام آسامی
[illegible]	[illegible]	یک اسم	سب رجسٹرار
	[illegible]	ایک اسم	محرر
	[illegible]	ایک اسم	چپراسی
	[illegible]		متفرق مصارف

شاملات اور متفرق مصارف انجکو فیکٹری ماہوار ہوں گے

تنخواہ کی مجموعی رقم تین سو روپیہ ہوتی ہے۔ مستقید
رقم کی بحیثیت رجسٹری صدر میں توسیع منظور کیجاتی ہے
فیس رجسٹری دستاویزات کی کل آمدنی مستاجر
سرکار کی جائے۔ یہ رجسٹرار علاقہ میں گشت کر کے
دستاویزات کی رجسٹری کریگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ
مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر
کی خدمت میں مرسل ہوں

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

واقع ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء

آرڈران کونسل :-

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء
میں کاغذات تقرر ابراہیم خاں بعہدہ نائب تحصیلداری
جائداد کلکتہ پیش ہو کر طے پایا کہ :-

جائداد کلکتہ کی ساٹھ روپیہ ماہوار کی اکاؤنٹنٹ کی خالی
آسامی پر ابراہیم خاں کا تقرر ایک سال کے لئے
منظور کیا جاتا ہے۔ ابراہیم خاں کو نائب تحصیلدار
کے نام سے موسوم کیا جائے۔

نائب تحصیلدار ماتحتی تحصیلدار کلکتہ بیرونی
ہاپوڑ کے خاص طور سے ذمہ دار رہیں گے

چونکہ بنگال میں عیالدار شخص کے مصارف زیادہ ہوتے
ہیں۔ لہذا علاوہ تنخواہ کے پندرہ روپیہ ماہوار الاؤنس
بھی دیا جانا منظور ہے۔

رقم بقدر الاؤنس کی گنجائش بجٹ منظور شدہ جائداد
کلکتہ سے نکالیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

واقع ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء

آرڈران کونسل :-

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء
میں کاغذات بابت منتقلی تھرڈ پرائمری کلاس از ہائی اسکول
بہ پرائمری اسکول پیش ہو کر طے پایا کہ :-

چونکہ ہائی اسکول میں طلبا کی تعداد زیادہ ہے
اور اسکے لحاظ سے موجودہ عمارت ناکافی ہے۔
نیز بحالت موجودہ توسیع عمارت کی کارروائی بھی نہیں ہو سکتی
علاوہ بریں شہر میں متعدد پرائمری اسکولوں میں تھرڈ پرائمری
کلاس موجود ہیں۔ لہذا حسب تجویز صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر
آئندہ سے تھرڈ پرائمری کلاس تک کی تعلیم پرائمری
اسکولوں کے لئے مخصوص کیجاتی ہے۔ ہائی اسکول
میں چوتھے درجے سے پرائمری تعلیم شروع کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل
دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈران کونسل واقع ۲۱ جولائی ۱۹۳۳ء

جلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۳ء
میں نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریذیڈنٹ بہادر
پیش ہو کر منظور ہوا۔

حکم ہوا کہ
سررشتہ متعلقہ کو ایک نقل حکم مع نقل نقشہ

منسلک برائے اندراج گزٹ پریس کو بھیجی جائے

ڈپٹی سکرٹری پریذیڈنٹ کونسل
اسسٹنٹ سکرٹری بہادر کونسل
ارقام مطبع ۲۲ جولائی ۱۹۳۳ء
بوقت ۵ بجے شام

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریذیڈنٹ بہادر

نمبر شمار	نام ڈپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم کونسل
(۱)	آرمی ہیڈ کوارٹر	ریکارڈ در بارہ برقراری ملازم رکھے جانے شر فری تا انتظام اسامی	سررشتہ متعلقہ کو احکام ضابطہ جاری ہوں	۱۳ جولائی ۱۹۳۳ء	منظور ہے
(۲)	پولیس	ڈی او ڈی آئی جی بہادر بطلب رخصت دس یوم۔	رخصت منظور ہے کونسل کو اطلاع دیجائے۔	〃	〃
(۳)	جواہر خانہ	ڈی او صاحب سکرٹری بہادر جواہر خانہ بابتہ منظوری رخصت ۱۸ و ۱۹ جولائی ۱۹۳۳ء واجازت یوم جمعہ۔	رخصت دو یوم ۱۸ و ۱۹ جولائی واجازت جمعہ منظور ہے	〃	〃

حکم اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

تقرر

واقع ۲۵ جولائی ۱۹۳۴ء

مسٹر محمود خاں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس باشندہ ریاست رامپور کی خدمات گورنمنٹ سے بطور مستعار فی الحال ایک سال کے لئے حاصل کی گئی ہیں۔ لہذا ان کا تقرر بعہدۂ سپرنٹنڈنٹ پولیس تاریخ امروزہ سے منظور کیا جاتا ہے۔ تنخواہ کی بابت گورنمنٹ سے اطلاع موصول ہونے پر احکام صادر کئے جائینگے۔ رہائش کے لئے مکان ریاست سے دیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل